حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

لاہور پاکستان

یوتھ انٹرنیشنل

رکن قومی اسمبلی آصف علی زرداری پر بنائے گئے مقدمات کے اصل حقائق کیا ہیں؟

اندرونی صفحات میں پڑھیے

کویت کے سفیر کی اہلیہ مدام بدریۃ الیاقوت کا خلیج کی تازہ ترین صورت حال پر پہلا تفصیلی انٹرویو



NFC

Worth its grain

Modern times are a true measure of expertise. Only the best have a chance to survive. By giving the optimum. By getting the optimum.

At NFC, we believe in that. Over the years, we have displayed an unwavering commitment to the cause of agriculture in Pakistan. To enhance the crop yield. To improve its quality. To better the lot of the farmer.

We believe that a piece of land can yield more, yield better, through a judicious use of fertilizers. To make that possible, NFC offers expertise in shape of agronomists and other professionals who provide free advice. Our experts help the farmer in a correct evaluation of his land requirements, and also guide him in making a right choice from amongst various kinds of fertilizers that NFC offers.

And to make it convenient for the farmer, NFC has the largest dealer network operating all over Pakistan, almost exclusively in the Northern Areas and Azad Kashmir.

NFC is trying to reach out to the farmer. Wherever he is. To work in unison with him. To give him the right advice. The right fertilizer. So that he could prosper. Pakistan could prosper.

NFC **Honouring a Commitment**

NFC.3.86 Danad

سعودی سفیر

یوسف محمّد مطبقانی

جو پاکستان میں گرانقدر سفارتی خدمات سرانجام دے رہے ہیں

امدادِ باہمی کے زرّیں اصولوں کے تحت معزز ممبران کی

ترقی و خوشحالی کی شاہراہ پر گامزن

دِی مسلم کوآپریٹو ڈویلپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ

ہم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ... اصولوں کے مطابق اپنی درج ذیل برانچوں کی وساطت سے چھوٹے کاشتکاروں، دکانداروں اور صنعت کاروں کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ کارپوریشن کا مستعد اور با اخلاق عملہ ہمہ تن مصروفِ کار ہے

برانچیں

مسلم ٹاؤن ـــ راولپنڈی	ڈھوک سیداں چوک مٹھنج ٹھاٹھ راولپنڈی	بھارا کہو ـــ ضلع اسلام آباد	جی ٹی روڈ ـــ گوجر خان
مشین محلہ نمبر ۳ ـ جہلم	مین بازار ڈنگہ ـ ضلع گجرات	مین بازار ـــ شیخوپورہ	سرکلر روڈ ـــ قصور
غلہ منڈی ٹوبہ ٹیک سنگھ	لاری اڈا کنگن پور ضلع قصور	ٹھینگ موڑ ـ ضلع قصور	سٹی روڈ ـ سرگودھا
مین بازار ـــ رواٹ	مین بازار ـ شاہ پور صدر	منڈی بہاؤ الدین ضلع گجرات	مین روڈ جوہر آباد ضلع خوشاب
لاری اڈہ ـــ جھاوریاں	صرافہ بازار بھلوال	جی ٹی روڈ ـــ کھاریاں	کچہری روڈ ـ چکوال
مین بازار ڈھڈیال ـ چکوال	ملہال مغلاں ضلع چکوال	لاری اڈہ دولتالہ ضلع راولپنڈی	بھون ـــ ضلع چکوال
کلر کہار ـ ضلع چکوال	چوہا سیدن شاہ	بشارت ـ ضلع چکوال	پنن وال تحصیل پنڈ دادنخان
پنڈ دادنخان مین بازار	تمن ـــ ضلع چکوال	للہ ٹاؤن تحصیل پنڈ دادنخان	مین روڈ ـــ تلہ گنگ
پنجند تحصیل تلہ گنگ ضلع چکوال	فوارہ چوک اٹک ضلع جہلم	چینجی تحصیل تلہ گنگ ضلع چکوال	مین بازار ـ فتح جنگ
مین کوہاٹ روڈ ،	پنڈی گھیب	چھب ـــ ضلع اٹک	نرسری برانچ ـ کراچی
جنڈ ـ ضلع اٹک	کھیوڑہ ـــ ضلع جہلم ،	میانی اڈہ ـــ ضلع چکوال	مجوزہ ـ ملک وال ،
ـــ لاہور	ـــ مرید کے	ـــ گوجرانوالہ ،	ملتان خورد ،

منجانب :- سید ظہور حسین نوشاہی ڈائریکٹر / کنٹرولر آف برانچز

ہیڈ آفس : دی مسلم کوآپریٹو ڈویلپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ

۵۹۰ ، جی ناتھ تھری کمپلیکس روڈ اسلام آباد فون : ۸۵۵۸۶۲ و ۸۵۴۷۱۰

زونل آفس ① کچہری روڈ چکوال ② مین روڈ تلہ گنگ چکوال ③ ۲۷ اوریگا کمپلیکس گلبرگ لاہور

بین الاقوامی نوجوان برادری کا واحد حقیقی ترجمان

ماہنامہ

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

ایڈیٹر انچیف: محمد صدیق القادری

جلد: ۳ شمارہ: ۲ فروری ۱۹۹۱ء

اس شمارے میں

اداریہ ٦

آصف زرداری کے خلاف مقدمات ٧

اسلامی انقلاب ایران کی سالگرہ پر خصوصی اشاعت۔ ١٠

رکن قومی اسمبلی عالم زیب خاں سے انٹرویو۔ ١٥

سب ایڈیٹرز

مس روبینہ قادری ● غلام مرتضیٰ القادری

قلمی معاونین

ڈاکٹر صغیر کامران ● غضنفر کاظمی

چوہدری اسلم ● مسز شہناز ارشد

عکاسی

تبسم نوید ● یامین صدیقی

فرمان قریشی ● صغیر احمد عادل

رپورٹرز

توصیف القادری

مس خالدہ

نمائندگان بیرونِ ملک

ایم عارف سلیمی (مغربی جرمنی) سلطان احمد (سعودی عرب)

قانونی مشیر: اقبال محمود اعوان (ایڈووکیٹ)

سرکولیشن مینجر: عبدالستار نیازی

قیمت -/۲۰ روپے

خط و کتابت کے لیے

ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو / انگلش ۔ ایوانِ اوقاف بلڈنگ نزد ہائی کورٹ پوسٹ بکس نمبر ۲۳۴۶ جی پی او لاہور پاکستان ۔ فون نمبر ۵۴۷۲۹

پبلشر محمد صدیق القادری نے ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو / انگلش جسارت پرنٹرز ۲ سرکلر روڈ لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل ایوانِ اوقاف بلڈنگ سے شائع کیا

اِداریہ

برادر اسلامی ملک کویت پر عراق کے غاصبانہ قبضے اور کویتی عوام پر بے پناہ اذیت ناک ظلم و ستم کے واقعات سے پوری اُمتِ مسلمہ پریشان ہے۔ دُنیا کے آزاد ممالک نے کویت پر عراقی جارحیت کی کھل کر مذمت کی اور کویت خالی کرنے کی اپیلیں بھی کیں۔ لیکن افسوس صد افسوس یہ سب اپیلیں عراقی صدر صدام حسین کی ضد اور ہٹ دھرمی کا شکار ہوگئیں۔ جس کے نتیجے میں خلیج کا علاقہ خوفناک جنگ کی لپیٹ میں ہے۔ دونوں طرف مسلمانوں ہی کا جانی و مالی نقصان ہو رہا ہے۔ خلیج کے مسلمانوں کی اذیت ناک حالت پر پوری اُمتِ مسلمہ خون کے آنسو بہا رہی ہے۔

پاکستان میں اکثر سیاسی و مذہبی جماعتیں مسلمانوں میں امریکہ دشمنی کے جذبات کو اُبھار کر اتحادیوں کے خلاف عوامی جذبات بھڑکانے میں پیش پیش ہیں۔ کویت کے بارے میں پاکستان کے اصولی مؤقف کی سخت مخالفت میں مظاہروں اور ہنگاموں میں زور لگا رہی ہیں۔ افسوس اور دُکھ اس بات کا ہے کہ ان مظاہروں میں حکمران جماعت (آئی جے آئی) میں شامل جماعتیں بھی ہیں۔ نواز شریف حکومت بے بس نظر آ رہی ہے۔ مظاہروں کا یہی سلسلہ جاری رہا تو ہمیں اندیشہ ہے کہ پاکستان کے بین الاقوامی مفادات کو سخت دھچکا لگے گا۔

ہمارے خیال میں کویت کی آزادی، خود مختاری اور کی جائز حکومت کی بحالی کے لئے حکومتِ پاکستان کا مؤقف حقیقت پر مبنی ہے۔ ملک و قوم کے عظیم تر اجتماعی مفاد میں ہے۔ وزیر اعظم پاکستان کو کویت کی آزادی اور خود مختاری کے لئے جرأت مندی کا مظاہرہ کر کے واضح مؤقف اختیار کرنا چاہیئے اور پاکستانی عوام کو اعتماد میں لینا چاہیئے۔ خلیج کے ممالک جن میں خصوصاً سعودی عرب، کویت، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، مسقط اور عمان کے ساتھ ہمارے قریبی دوستانہ اور برادرانہ تعلقات ہیں۔ ان ممالک نے لاکھوں پاکستانیوں کو روزگار مہیا کیا ہے اور ہر مشکل وقت میں کھل کر پاکستان کی بھرپور مدد کی ہے۔ ان اسلامی ممالک کے ساتھ دوستی بھائی چارے کا حق ادا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پاکستان اور عوام کھل کر اپنے بھائیوں کی مدد کرے تاکہ دوستی اور بھائی چارے کا حق ادا ہو سکے۔

ہم خلیج میں قیام امن کے لئے پاکستان کے وزیرِ اعظم میاں محمد نواز شریف کی امن مِشن کے لئے کوششوں کے آغاز کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے جرأت مندانہ دانشمندانہ فیصلہ سمجھتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ پاکستان خلیج کے بُحران کو حل کرانے میں پُوری اُمتِ مسلمہ کے جذبات کی ترجمانی کرے گا۔

ہم پاکستان کی قائدِ حزبِ اختلاف اور سابق وزیرِ اعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کے کویت کی آزادی خود مختاری اور اقوامِ متحدہ کی قرار دادوں کی حمایت میں مؤقف کو سراہتے ہیں۔ محترمہ نے مخالفت برائے مخالفت کی بجائے بدلتے ہوئے بین الاقوامی حالات و واقعات کے پیشِ نظر قابلِ تعریف رول ادا کیا ہے۔

ہمارے خیال میں پاکستان کی موجودہ خارجہ پالیسی قومی اجتماعی مفادات میں ہے۔ قومی مفادات کا تقاضا ہے کہ ہمیں حقائق کو دیکھتے ہوئے عقل و فراست کا مظاہرہ کر کے اپنے قریبی دوست ملکوں کا بھرپور ساتھ دینا چاہیئے۔

انشاء اللہ وقت ثابت کرے گا یہی ہماری خارجہ پالیسی پاکستان کے عزت و وقار کا میں بلندی کا سبب بنے گی۔

ہماری عراق کے صدر صدام حسین کی خدمتِ اقدس میں دوبارہ پُرزور درخواست ہے کہ وہ خلیج کے خصوصاً عراق کے مسلمانوں کی ناگفتہ بہ حالت پر رحم کر کے فی الفور کویت خالی کر دیں اور اقوامِ متحدہ کی قرار دادوں کو تسلیم کر کے امتِ مسلمہ کو اس عذاب سے نجات دلانے میں مدد کریں اس میں سب کی بہتری ہے۔ تاکہ خلیج کے مسلمان ممالک سے غیر ملکی فوجوں کو نکالنے کے حالات پیدا ہوں۔ اسلامی دُنیا کو اس عبرتناک ساعت سے سبق سیکھنا چاہیئے۔ اسلامی بلاک متحد مضبوط کرنے کے لئے مثبت رول ادا کرنا چاہیئے۔

خدا ہم سب کا حامی و ناصر ہو!

محمد صدیق القادری

ایڈیٹر انچیف



آصف زرداری کے خلاف مقدمات کے اصل حقائق کیا ہیں؟

کراچی لیاری سے موجودہ رکن قومی اسمبلی آصف علی زرداری نگران حکومت کی طرف سے قائم مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں۔ قومی اسمبلی میں واحد رکن جو زیر حراست جیل میں بند ہیں۔ قارئین کے لئے دلچسپی کے لئے ہم آصف زرداری کی کہانی اقبال چمن کے مقدمات کی زبانی شروع کرتے ہیں۔ اقبال چمن کراچی کا معروف تاجر بلڈر رہے۔ جس کی شہرت ہرگز داغ دار نہیں۔ تعمیر مشرق اور چمن بلڈر کے نام

جب پولیس کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو...؟

آصف زرداری، محترمہ بینظیر بھٹو۔ نصرت بھٹو اور صنم بھٹو کا گروپ فوٹو

محترمہ بینظیر بھٹو کا شوہر ہونا آصف زرداری کا جرم ہے

سے اس کے کئی منصوبے کراچی میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ اقبال چمن کی اسی شہرت اور تجربے سے متاثر ہو کر آصف زرداری نے اُس کے ساتھ کئی

کا آغاز کیا تھا۔ مارشل لاء حکمران چاہتے تھے کہ محترمہ بے نظیر بھٹو غیر شادی شدہ رہیں۔ تاکہ اُن کے خلاف بہت سارے اسکینڈلز گھڑے جا سکیں۔ جب آصف علی زرداری نے محترمہ بینظیر

کیا انتقامی کارروائیاں کیں۔ اقبال چمن کی داستان سندھ ہائی کورٹ کے ریکارڈ میں پوری طرح محفوظ ہے۔ حکومت سندھ نے سب سے پہلے اقبال چمن کو ۱۲/۱۳ اگست کی درمیانی شب کو ایم۔ پی۔ او (M.P.O) کے تحت گرفتار کیا

تعمیراتی منصوبوں میں شرکت کی۔ جس میں دو اہم منصوبے بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ ایک منصوبہ کراچی کی مشہور ترین شاہراہ بندر روڈ پر واقع کیپری سینما کے عقب میں آصف اپارٹمنٹس کے نام سے گذشتہ کئی سالوں

کیا آصف زرداری کیساتھ مشترکہ کاروبار اقبال چمن کا قصور تھا

سے زیر تعمیر ہے۔ دوسرا منصوبہ کراچی کی سب سے اہم ترین جگہ یعنی کراچی جمخانہ، ایوارڈی ٹاور، گورنر ہاؤس، وزیر اعلیٰ ہاؤس اور ہوٹل میٹروپول کے قریب ترین انتہائی قیمتی جگہ پر ٹریڈ ٹاور کے

بھٹو کے ساتھ منگنی کر لی تو مارشل لاء کے بانی کو یہ منگنی ناگوار گزری۔ بدنیتی کی بنیاد پر مارشل لاء دور میں ان منصوبوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچنے کی اجازت نہ دی گئی۔ آصف علی زرداری کے ان منصوبوں کو نقصان پہنچانے کے لئے مارشل لاء حکمرانوں نے مختلف ہتھکنڈے استعمال کئے۔ تاہم پیپلز پارٹی کی حکومت قائم ہونے کے بعد زیر تعمیر ان منصوبوں پر کام شروع ہو گیا۔ یہ امر قابل ذکر ہے۔ ۶ اگست کو جب پی پی کی حکومت کو صدر غلام اسحاق خان نے ختم کیا تو سندھ کی نگران حکومت نے سب سے پہلا وار آصف علی زرداری اور اقبال چمن کے ان مشترکہ منصوبوں پر کیا۔ وہ این۔ او۔ سی جس کے تحت کئی منزلہ عمارات کا منصوبہ پایۂ تکمیل کو پہنچا تھا حکومت سندھ نے سیاسی اور انتقامی بنیادوں پر اُسے منسوخ کر دیا۔ جس کے نتیجے میں پریشانی اُن لوگوں کو بھی ہوئی ہے جنہوں نے ان تعمیراتی منصوبوں میں

یہ آرڈر جس مجسٹریٹ نے جاری کیا اُس آرڈر میں نہ الزامات کی تشریح تھی اور نہ ہی الزامات کے سلسلے

میں کوئی ثبوت دیا گیا تھا اس لئے ہائی کورٹ نے حکومت سندھ کے اس حکم کو ۲۱ اگست کو کالعدم قرار

مارشل لائی حکمرانوں کو آصف کی بینظیر بھٹو سے منگنی ناگوار گزری

نام سے مشہور و معروف ہے۔

یہ امر بھی قابل ذکر ہے۔ آصف علی زرداری نے محترمہ بے نظیر بھٹو کے ساتھ اپنی منگنی سے پہلے اقبال چمن کے ساتھ شراکت داری سے ان منصوبوں

اپنے نام دکانیں الاٹ کرائے ہوئے ہیں۔ اس کے لئے پیشگی رقم بھی دے چکے ہیں۔ اِسے اقبال چمن کی شومئی قسمت کہیئے آصف علی زرداری کے ساتھ تجارتی کاروباری شراکت داری کے معصوم گناہ میں ملوث ہونے کی بنیاد پر حکومت سندھ نے اُس کے ساتھ کیا

دے دیا۔ حکومت سندھ نے توقعات کے عین مطابق اقبال چمن کو ہائی کورٹ کے مطابق رہا نہ کیا۔ چنانچہ ۲۳ اگست ۱۹۹۰ء کو سندھ ہائی کورٹ میں اقبال چمن کی زوجہ مجیدہ عرف فاطمہ چمن نے اپنے شوہر کی غیر قانونی نظر بندی اور حبس بے جا کو چیلنج کر دیا۔ کراچی سی آئی اے

پولیس نے حکومت سندھ کی خواہشات کے عین مطابق اور عدالت عالیہ کو دھوکا دینے کی خاطر یہ کہانی گھڑی کہ اقبال چمن ایف آئی آر نمبر ۵۷/۸۹ میں ایک شخص سکندر مرہڑ والا کے اغوا کے کیس کے سلسلے میں زیر دفعہ ۳۶۵/A تعزیرات پاکستان کے تحت گرفتار کیا گیا ہے

عدالت میں پیش کر دی گئی۔ لیکن اُسے نیو ٹاؤن پولیس اسٹیشن میں درج شدہ ایک ایف۔ آئی۔ آر ۹۲/۹۰ میں گرفتار کیا گیا ہے۔ جو زیر دفعہ ۴۰۶ اور ۴۰۹ تعزیرات کے تحت تھی۔ اس ایف۔ آئی۔ آر میں اقبال چمن کا کسی جگہ بھی ذکر نہیں تھا۔ اقبال چمن کی زوجہ نے اپنے شوہر کی نظر بندی کو ایک آئینی درخواست کے ذریعے چیلنج کیا۔ لیکن سی آئی اے پولیس نے اقبال چمن کا ایک اقبالی بیان عدالت

کہ جب اقبال چمن کو جیل سے رہا کیا جانا تھا۔ تو سی آئی اے پولیس اپنی گاڑیوں میں اُسے اٹھا کر سی آئی اے سنٹر لے گئی۔ جہاں آصف زرداری کو سی آئی اے پولیس نے پہلے رکھا ہوا تھا۔

حکومت سندھ کو احساس ہو چکا تھا کہ مذکورہ ایف آئی آر نمبر ۴۹۲/۹۰ میں نہ اقبال چمن کا ذکر ہے اور نہ ہی آصف زرداری کا ذکر ہے۔ اس لئے ایک اور ایف آئی آر ۴۹۷/۹۰ نیو ٹاؤن تھانہ میں درج کروائی گئی۔ جس میں آصف زرداری اور قائم علی شاہ کا نام ایک زمین کی الاٹمنٹ کے سلسلے میں درج

کیا آصف زرداری واقعی جرائم میں ملوث ہے

اس کے لئے سی آئی اے مجسٹریٹ سے ریمانڈ بھی لیا گیا ہے۔ چنانچہ حبس بیجا کی درخواست ہائی کورٹ نے غیر مؤثر دے دی۔ حکومت سندھ کی بد دیانتی اُس وقت پوری طرح واضح ہو گئی۔ جب سی آئی اے پولیس نے دو ہفتے گزرنے کے بعد اقبال چمن کے خلاف کوئی چالان پیش کرنے کی بجائے ایک رپورٹ زیر دفعہ ۱۶۹ ضابطہ فوجداری پیش کی کہ اقبال چمن کے خلاف

کیا گیا۔ چونکہ قائم علی شاہ کی ضمانت منظور ہو چکی تھی اس لئے آصف علی زرداری کی ضمانت نامنظور ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ چونکہ عوام کو دھوکہ دینے کے لئے پاکستان ٹیلی ویژن پر یہ خبر نشر کی گئی کہ آصف کو انڈر کیس میں گرفتار کیا گیا ہے۔ مذکورہ ایف۔ آئی۔ آر میں حکومت سندھ کے پاس آصف علی زرداری کے خلاف کوئی گواہ نہیں ہے۔

حکومت سندھ آصف سے کیا چاہتی ہے

کوئی ثبوت فراہم نہیں ہو سکا۔ اور اُسے ۹/۹۰ کو رہا کر دیا گیا تھا۔ اور پھر ایک اور ایف آئی آر ۵۱۸/۹۰ میں گرفتار کیا گیا تھا۔ گرفتاری کی تاریخ ۹/۹/۹۰ لکھی گئی۔ اس طرح ۹/۹۰ سے لے کر ۹/۹ تک اقبال چمن کو غیر قانونی طور پر حبس بیجا میں رکھا گیا۔ لیکن جب آئینی درخواست میں اقبال چمن کی مذکورہ زوجہ نے نظر بندی کو چیلنج کیا تو اس درخواست کو بھی غیر مؤثر قرار دلوانے کے لئے پولیس نے سابقہ حربہ استعمال کیا کہ مذکورہ ملزم کو اس دوسرے مقدمے میں بھی بے گناہ پایا گیا ہے اور اس سلسلے میں ۱۶۹ ضابطہ فوجداری کی رپورٹ مذکورہ

میں پیش کیا کہ اُس نے آصف زرداری کو دو پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے سلسلے میں دو کروڑ روپے دیئے تھے۔ ایک اور پلاٹ کے سلسلے میں ۷۰ لاکھ دیئے تھے۔ حیرت اور لطف کی بات یہ ہے کہ مذکورہ ایف۔ آئی۔ آر میں بھی آصف زرداری کا کہیں نام نہیں۔ پولیس کو جب اس غلطی کا احساس ہوا۔ تو انہوں نے اس کیس میں بھی اقبال چمن کے سلسلے میں پہلے کی طرح ایک رپورٹ زیر دفعہ ۱۶۹ ضابطہ فوجداری کورٹ میں جمع کروائی لیکن شام

ایک معزز تاجر کے ساتھ حکومت سندھ کی سیاسی بنیادوں پر زیادتی سے حکومت تاجر برادری میں بدنام ہوئی ہے۔ اقبال چمن کے ساتھ کی گئی انتقامی کارروائیوں کے نتیجے میں یہ بات بالکل واضح طور پر سامنے آ چکی ہے۔ کہ حکومت سندھ نے آصف علی زرداری کے خلاف اقبال چمن کو استعمال کرنے کی ناکام کوشش کی ہیں۔

(باقی آئندہ شمارے میں)

اسلامی انقلاب ایران کی سالگرہ پر خصوصی اشاعت

پاکستان میں ایران کے سفیر عزت مآب جواد منصوری اور لاہور میں

کونصلیٹ جنرل محترم المقام آغا علی قمی کے خصوصی پیغامات

محترم پاکستانی بہن بھائیو! السلام علیکم!

۱۲ سال پہلے آج ہی کے دن اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور اسلامی انقلاب کے عظیم قائد اور اسلامی جمہوریہ کے بانی حضرت امام خمینیؒ کی بصیرت افروز قیادت اور ہمارے غیور مسلمان عوام کی قربانیوں کے نتیجہ میں ایران میں قربانیوں اسلامی انقلاب برپا ہوا۔ در حقیقت یہ فتح حق کی باطل پر کامیابی ہی تھی کہ اس ملک سے شاہی نظام کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا۔ اسلامی انقلاب ایران کی کامیابی کے لئے زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والوں نے مل جل کر کام کیا اور ہر شخص کی خواہش تھی کہ وہ ایثار قربانی کے لحاظ سے کسی کے پیچھے نہ رہ جائے۔ پھر عوام کی وحدت کا اصل مرکز امام خمینیؒ کی ذات تھی، انہوں نے جو حکم دیا عوام نے عمل کے ذریعہ کر دکھایا۔ بالآخر انقلاب اسلامی ایران کو عالمی سطح پر کامیابی ہوئی۔

اسلامی انقلاب نے ثابت کر دیا کہ انسانی عظمت کا تحفظ ہی اسلامی اقدار کے احیا میں ہے۔ بحمد اللہ ایران نے ہر شعبہ حیات میں ترقی کی ہے اور ترقی کا عمل مزید جاری وساری ہے۔ ایران کی داخلہ و خارجہ پالیسی اسلام اور ملک و قوم کی خدمت اور مستضعفین کی مدد اور حمایت پر مبنی ہے اس لئے ایران جب بھی کوئی قدم اٹھاتا ہے تو یہ تمام مقاصد اس کے پیش نظر ہوتے ہیں۔ ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ اسلامی انقلاب ایران کو مزید کامیابیوں سے ہمکنار کرے اور امام خمینیؒ کا لگایا ہوا پودا تا قیامت لہلہاتا رہے اور خداوند کریم اسلام کو کفر پر غلبہ عنایت فرمائے اور مسلمانوں کو فتح و نصرت سے ہمکنار کرے۔

(والسلام جواد منصوری سفیر جمہوریہ ایران)

اگر انقلاب اسلامی ایران کو انسانی تاریخ میں ایک اہم موڑ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ ۱۵ویں صدی میں ہسپانیہ کے سقوط کے ساتھ ہی مسلم ممالک کی سیاسی اور فوجی طاقت میں زوال آگیا پھر یورپ میں صنعتی انقلاب اور موجودہ صدی میں دو عالمی جنگوں کے بعد ایسی صورتیں ابھریں جن کے مقاصد مسلمانوں پر تسلط حاصل کرنا اور اسلامی حکومتوں کا استحصال تھا نظریاتی سطح پر اشتراکیت بظاہر اور نظام سرمایہ داری استعماری حربوں سے اسلام کے مقابل اکھڑا ہوا تھا مگر انقلاب اسلامی ایران نے ان سارے لوٹ کھسوٹ کرنے والوں کا حساب کتاب درہم برہم کر دیا اور اشتراکیت، سرمایہ داری، سیکولرازم وغیرہ کے مدعیوں کے تمام بوچ افکار و نظریات کو ناکارہ بنا دیا۔

> انقلاب اسلامی ایران، اسلامی نظریات کی قوت، عوام کی وحدت اور امام خمینیؒ کی باکمال قیادت سے پروان چڑھا اور خون پر تلوار کی کامیابی کو نمایاں کر دیا، پرانے استبداد کو منقلب کیا اور مشرق و مغرب کی سپر طاقتوں سازشوں کو ناکام بنا دیا۔

ایران میں تحریک اسلامی کے برپا ہونے سے پہلے دنیا کو تین حصوں یعنی مغرب، مشرق اور تیسری دنیا میں تقسیم کیا ہوا تھا تو آج "اسلامی دنیا" نے بھی سیاسی لحاظ سے اپنا مقام پیدا کر لیا ہے دنیا میں بہت بڑی تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں اور ہو رہی ہیں۔ یہ سب کچھ انقلاب اسلامی ایران کی برکتوں کا نتیجہ ہے یہی وجہ ہے کہ آج بڑی طاقتوں کے مقابلے میں دنیا کی مجبور و مقہور قومیں صف آرا ہو گئی ہیں اور اس حقیقت کو پہچان گئے ہیں کہ صحیح معنوں میں زمین خدا کے وارث وہی ہیں۔

اسلامی جمہوریہ ایران نے ۸ سالہ جنگ برداشت کر کے اپنی خود مختاریت، استقامت اور شجاعت کو دنیا والوں پر ثابت کیا ہے اور آج ایک ایسی آزاد پالیسی جس کی اساس اسلامی اقدار پر ہے پر عمل پیرا ہے۔

- دوسرے ممالک سے برابری کی بنیاد پر روابط قائم کرنا۔
- ہر قسم کے غیر ملکی سیاسی تسلط کو نامنظور کرنا۔
- دنیا کے محروموں اور پسماندہ قوموں کی حمایت کرنا
- اور جنوبی افریقہ کی نسل پرست حکومت کے خلاف

جد وجہد، ایران کی خارجہ سیاست کے مسلم اصولوں میں شامل ہیں اگرچہ ایران اور عراق کے درمیان آمد و رفت کا سلسلہ شروع ہوا ہے مگر کویت کے مسئلے پر عراق کی جارحانہ پالیسی اور علاقے میں بیرونی افواج کی موجودگی دونوں ہی کی ایران نے مذمت کی ہے موجودہ بحران میں ایران کی مسلسل یہ کوشش رہی ہے کہ خلیج فارس میں استعماری طاقتوں کے اجتماع اور ان کے حقیقی مقاصد کو آشکار کرے اور ان مقاصد کے خلاف جد وجہد کرے خدا کے فضل و کرم سے ایران اس وقت زندگی کے مختلف شعبوں میں مضبوط و مستحکم ہو چکا ہے اور ملک کے ترقیاتی منصوبوں پر کام بڑی تیزی سے جاری ہے۔

امید ہے اللہ تعالیٰ کی نصرت اور مسلم عوام کی محبت سے ایران اپنے تمام پروگراموں میں کامیاب و کامران ہوگا اور ایران کی عظیم قوم حضرت امام زمانہ (ع) اور شہدائے اسلام و انقلاب کے سامنے سرخرو ہوگی۔

امسال انقلاب اسلامی ایران کا پہلا عشرہ اور ۲۷ رجب جو پیغمبر اکرمؐ کی بعثت کا دن ہے اور ۱۳ رجب یوم علی مرتضیٰؑ ایک ہی ہفتہ میں واقع ہو رہے ہیں اس مبارک موقع پر اسلام کی سربلندی اور مسلمانوں کی کامیابی اور پاکستان و ایران کے دوستانہ روابط کے استحکام کی دعا کرتا ہوں۔

والسلام ... علی قمی قونصلیٹ جنرل آف ایران لاہور



۱۱ فروری

ایک نئے دور کا آغاز

آج گیارہ فروری کو ایران میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ شہنشاہیت ختم ہو گئی اور اسلامی عدل و انصاف پر مبنی ایک نیا دن شروع ہوا۔ رہبر کبیر امام خمینی کی قیادت میں یہ اسلامی انقلاب برپا ہوا۔ جس نے نہ صرف ایران بلکہ پوری دنیا کے کمزور اور پسماندہ لوگوں کو جو ظلم و جور کی چکی میں پس رہے تھے کو ایک نیا جذبہ عطا کیا۔ بلاشبہ یہ انقلاب لاکھوں شہیدوں کا خون لاکھوں بیواؤں کا سہاگ اور لاکھوں ماؤں کی گود اجاڑ کر وقوع پذیر ہوا لیکن اس خون کی تابناکی آئندہ آنے والی ایرانی نسل کو ایک نیا راستہ دکھا گئی۔ انصاف اور عدل کا راستہ جہد مسلسل کا راستہ اور ہر طاقتور ظالم کا سر کچلنے کا راستہ ایرانی قوم کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے کبھی کسی غیر قوم کی غلامی قبول نہیں کی۔ شہنشاہیت کے روپ میں سامراجی اور طاغوتی طاقتیں ایران کے مظلوم عوام کے حقوق کو پامال کر رہی تھیں۔ انہوں نے شہنشاہ ایران کو طاقت کے انتہائی عروج پر پہنچا دیا تھا۔ ایران جو استبداد کی تاریکی میں ڈوب رہا تھا۔ اس عالم میں اک مرد حق انقلاب کا پرچم لے کر اٹھ کھڑا ہوا۔ یہ شخصیت رہبر انقلاب اسلامی امام خمینی کی تھی مسلسل جد وجہد سے انہوں نے شہنشاہیت کے جبر و استبداد کے بت کو پاش پاش کر دیا۔ انہوں نے پوری دنیا کے ظالم اور متکبر حکمرانوں کو بے نقاب کر دیا۔

یکم فروری کو تہران میں امام خمینی کی آمد پر سارا شہران کے استقبال کو امنڈ آیا۔ ہر طرف لبیک یا خمینی کے نعرے تھے۔ آخر کار باطل کو جھکنا پڑا اور حق غالب آگیا۔ گیارہ فروری ایران کے لئے ایک نئی صبح لیکر طلوع ہوا۔ انقلاب کی صبح مظلوموں کی فتح کی صبح ایران کے ذرے ذرے سے اسلام کی خوشبو کی مہک کے ساتھ دنیا کے نقشہ پر ایک مکمل اسلامی ریاست وجود میں آگئی گزشتہ بارہ سال میں اس انقلاب کی کامیابی نے تمام دنیا کے حریت پسندوں اور مسلمانوں کو تقویت دی اگرچہ اس اثنا میں ملت ایران پر کئی سانحے گزرے لیکن انقلاب روز بروز مائل بلندی ہے۔ آٹھ سال کی ٹھونسی ہوئی جنگ سے برباد شدہ علاقوں کی بحالی ایک بہت بڑا کارنامہ ہے کئی دیہات اور شہر صفحہ ہستی سے ناپید ہو گئے تھے۔ لیکن فرزندان انقلاب نے انہیں دوبارہ آباد کر لیا ہے اور وہاں زندگی قوت سے جاری و ساری ہے۔ ایران کے ہی انقلاب کا اثر ہے کہ آج روس کے مسلمان اپنا شرعی فطری اور انسانی حق مانگنے کے لئے ٹینکوں اور توپوں کے سامنے آگئے ہیں۔ رومانیہ اور پانامہ کے غیر معمولی حالات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ اس وقت دنیا ایک عالمی اور بہت بڑے انقلاب سے ہمکنار ہونے والی ہے۔

دیوار برلن کے ٹوٹ جانے سے بھی اشتراکیت کی بنیادوں میں شگاف پڑ چکا ہے۔ بہرکیف عالمی تجزیہ نگاروں نے جب بین الاقوامی سطح پر ہونے والی تبدیلیوں کا انقلاب ایران کو سب سے بڑا محرک قرار دیا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اس انقلاب کو لانے کے لئے ایرانی رہنماؤں اور ایرانی قوم کو آگ اور خون کے سمندر سے گزرنا پڑا۔ پھر انہوں نے عراق کی طرف سے مسلط کردہ آٹھ سالہ جنگ میں جو استقامت اور بہادری کا ثبوت دیا وہ اپنے مقام پر مثالی حیثیت رکھتی ہے۔

ایران کو سب سے بڑی کامیابی یہ ہوئی کہ اسلامی انقلاب نے روحانی لحاظ سے دنیا کی اسلامی تحریکوں کا مرکز و محور بن چکا ہے۔ اسلئے آج دنیا کے مسلمانوں میں وحدت کا رجحان بڑھ گیا ہے اور پوری دنیا استعمار کے ناجائز تسلط سے نجات حاصل کرنا چاہتی ہے۔ حالیہ چند ہفتوں سے شمالی افریقہ سے لیکر جنوبی ایشیا تک عوامی تحریکوں کا سلسلہ زور پکڑ چکا ہے مسلمانوں میں انقلابی لہر دوڑ چکی ہے اس کے نتائج ضرور اچھے نکلیں گے ہمیں امید ہے کہ انقلاب تڑپتے، سسکتے اور روتے ہوئے انسانوں کیلئے ایک امید اور سہارا ثابت ہوگا۔

ایران کے اسلامی انقلاب میں عورت کا کردار

امام خمینی کے کہنے کے مطابق مسلمان عورت کے کندھوں پر انسان سازی کی ذمہ داری ہے اسلئے اسے چاہیئے کہ اسلامی انقلابی نظریات اور عورت ہونے کی اعلیٰ اقدار سے مسلح ہو"۔

اسلام میں عورت پر مرد سے زیادہ عنایات ہیں اور اس تحریک میں عورت کے حقوق مردوں سے زیادہ ایک عورت شجاع اور دلیر مردوں کو اپنے دامن میں پرورش دیتی ہے۔ جس طرح قرآن کریم انسان ساز ہے اسی طرح عورت بھی انسان ساز ہے۔ اگر شجاع اور انسان ساز عورت کو ایک قوم میں سے نکال لیا جائے تو وہ قوم شکست اور تباہی سے دوچار ہوگی (امام خمینی)

ایران کا اسلامی انقلاب اس کے شہیدوں کا سرخ اور پاک خون اس معاشرے کی ناچاقیوں کو دھو دے گا اور اس کی بنیادوں اور اقدار میں گہری اور وسیع تبدیلیاں لائے گا۔ حقیقی اور سچی قدریں پیدا ہوں گی اور گندگی دور ہو جائے گی اور ایک انسان اپنے حقیقی مقام پر کھڑا ہوگا اور نیا جنم لے گا۔ لیکن ان سب کے درمیان عورت ایک عظیم مقام رکھتی ہے۔ تاریخ اسلام کے آغاز سے ہر لمحے میں عورت پر افتخار ہے۔

سب سے پہلا فرد جو کہ دائرہ اسلام میں داخل ہوا ایک عورت تھی "حضرت خدیجہؓ" اسلام کا سب سے پہلا فرد جو شہادت کے درجے کو پہنچا ایک عورت تھی "حضرت سمیعہؓ" تنہا ایک ہستی کہ حج کے دوران جس کی قبر کا طواف کیا جاتا ہے ایک عورت حضرت ہاجرہؓ۔ تاریخ اسلام کے بطن سے اکثر عظیم عورتوں نے جنم لیا۔

انگریزی امپریلزم نے ایران کی مرکزی حکومت اور حاکم لوگوں پر اپنا تسلط جمانے کے بعد ماڈرنزم اور سیکولرزم کے ذریعے اس نے لوگوں کے بنیادی عقائد کو متزلزل کرنے کی کوشش کی تاکہ معاشرے پر ہر طرح سے تسلط جمانے اور اپنا غلام بنانے کے لئے تیار کریں۔ پردے کے خاتمے کے حکم کا اوّلین مقصد اپنا اقتصادی فائدہ اور لوگوں میں اپنے طرزِ زندگی کا رواج پیدا کرنا تھا۔ اور مسلمانوں کے درمیان پرانی اور خاندانی قوانین میں تشخص پیدا کرنا تھا۔ لوگوں کے ایمان پر کامل یقین کی وجہ سے اس کو ناکامی سے دوچار ہونا پڑا۔

ایران کے اسلامی انقلاب کو عورتوں کی حیرت انگیز شرکت نے کامیاب بنایا۔ انقلاب نے عورت کو اس کا اصل مقام دیا اور یہ اسلامی جمہوریہ ایران کے شہیدوں کا خون بہا تھا۔ اس نے حقیقی اسلام کو نافذ کیا اور اس مقصد کے لئے جو اقدامات کئے جا رہے ہیں انشاء اللہ یہ معاشرے میں حیرت انگیز اثرات چھوڑیں گے۔ ان میں سب سے اہم قدم عورتوں کے لئے جز وقتی کام کرنا ہے۔ سرمایہ داری نظام کی کوشش تھی کہ عورت کو معاشرے میں مکمل طور پر مصروف کر دیں اور وہ اپنی اصلی ذمہ داری یعنی اپنے بچوں کی پرورش اور تربیت کو پوری طرح سے انجام نہ دے سکے اور ایسی ہی عورتوں کو انہوں نے اپنے فائدے کے لئے استعمال کیا اور اپنی حرص کا نشانہ بنایا۔ اسی طرح اسلامی جمہوریہ حکومت نے عورتوں کیلئے ایسا قانون بنایا کہ وہ گھر سے باہر مفید کام بھی انجام دے سکیں۔ اور اس کے خاندان کو بھی اس سے کوئی نقصان نہ ہو۔ اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کے لئے فعال کردار ادا کرے۔ ہماری نظر میں اسلامی مجلسِ شوریٰ کا یہ اقدام معاشرے کی حالت بدلنے کے لئے اور اس میں موثر تبدیلیاں لانے کے لئے بہترین قدم ہے اور یہ اقدام ایک آئیڈیل اسلامی معاشرے کی طرف ہماری رہنمائی کریں گے۔ یہ حقیقت مسلّم ہے کہ زیادہ کام عورت کو اپنی نسوانی اور مادی ذمہ داریوں سے دور کر دیتا ہے۔ ایک عورت جو تمام دن گھر سے باہر کام کرتی ہے اپنی مادی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے قابل نہیں رہتی۔ ممکن ہے کچھ شر پسند اور اسلام مخالف اسلامی جمہوریہ کے اس قدم کو عورت کو معاشرے سے خارج کرنے کے مترادف خیال کریں اور اس میں بھی شک نہیں کہ اسلامی جمہوریہ کے درد مند دل رکھنے والے عہدیداروں نے جو اقدامات کئے ہیں، استعماری طاقتوں اور ان کے آلہ کاروں نے ان کو ختم کرنے اور رد کرنے کی کوشش کی لیکن ایک مدت کے بعد یہ ثابت ہو جائے گا کہ ان اقدامات نے معاشرے میں موثر اثرات چھوڑے ہیں۔

ایران کا اسلامی انقلاب ہر چیز سے زیادہ مسلمان عورتوں کی جدوجہد کا مرہونِ منت ہے اور امام نے بھی چند بار اس بات کا ذکر کیا ہے کہ عورتیں معاشرے کو دوبارہ بنانے کے لئے ہمارے ساتھ شریک ہوں۔ اسی وجہ سے مجلس کے یہ اقدامات قابل ذکر ہیں۔ انقلاب کی کامیابی کے بعد عورتوں کی ہر میدان اور ہر محاذ پر موجودگی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور کے اسلامی معاشرے میں مسلمان عورتوں کی موجودگی کی یاد دلاتی ہے ایسی عورتیں جو کہ اپنے مردوں کو محاذِ جنگ پر جانے کیلئے جوش دلاتیں اور خود اجتماعی کاموں کو انجام دیتی تھیں اور اس دور میں بھی ہم ایسی ہی عورتوں کے گواہ ہیں جو کہ خاندانی ذمہ داریوں کے علاوہ

باقی صفحہ ۱۴ پر

پاک ایران تعلقات

پاکستان اور ایران کے مابین دو برادر مسلم کے شایانِ شان روایتی، پرجوش اور دوستانہ تعلقات موجود ہیں۔ دونوں ممالک کے عوام کے مابین صدیوں پرانے ثقافتی، سیاسی اور مذہبی تعلقات کے باعث ایران اور پاکستان کے دو طرفہ تعلقات کو تقویت ملی ہے۔ گزشتہ کئی سالوں سے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کی مزید راہیں کھلی ہیں۔ ایران اور پاکستان کے مابین دو طرفہ سطح پر اقتصادی تعلقات پاک ایران مشترکہ وزارتی کمیشن اور اقتصادی تعاون تنظیم کے ذریعے باقاعدہ شکل اختیار کر گئے ہیں دونوں ممالک میں باہمی تعلقات کے فروغ اور مزید مستحکم کرانے کے لئے متعدد بار وفود کے تبادلے کئے گئے ہیں اور اس کی وجہ ایک یہ بھی ہے کہ دنیا کے کئی حصوں میں غیر معمولی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ مسلسل رابطوں کے ذریعے خلیج، افغانستان اور کشمیر جیسے مسئلوں پر ایک دوسرے کے نقطۂ نظر سے متعلق بہتر مفاہمت کی فضا پیدا ہوئی ہے

دونوں ممالک نے بین الاقوامی فورموں میں ایک دوسرے کے ساتھ قریبی تعاون کیا ہے۔

پاکستان کی جانب سے ایران کے اعلیٰ سطحی دوروں سے پاک ایران تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مشترکہ مفاد اور دلچسپی سے متعلق علاقائی اور بین الاقوامی مسائل پر اپنے موقفوں میں ہم آہنگی پیدا کرنے کا موقع ملا ہے ایران کے صدر خامنائی نے جنوری ۱۹۸۷ء میں پاکستان کا دورہ کیا تھا جس سے دونوں ممالک کے درمیان مزید مستحکم ہوئے تھے صدر پاکستان نے جون ۱۹۸۹ء میں مرحوم امام خمینی کی تدفین میں شمولیت کے لئے ایران کا دورہ کیا بعد میں وفاقی وزیر تجارت کی سربراہی میں ایک ۷ رکنی وفد نے مرحوم امام خمینی کے چہلم میں شرکت کی جس کو ایرانیوں نے بہت سراہا۔ سابق وزیراعظم نے مئی ۱۹۹۰ء میں ایران کا دورہ کیا۔ ہمارے وزرائے خارجہ باہمی تعلقات اور بین الاقوامی صورت حال کے پیش نظر متعدد بار مشاورت کے لئے ملاقات کر چکے ہیں۔ ان دوروں کے باعث اچھے تاثرات کو فروغ ملا ہے اور دونوں ممالک کے مابین سود مند تعاون کو تقویت ملی ہے ایرانی وزیر خارجہ نے حال ہی میں جنوری ۱۹۹۱ء میں پاکستان کا دورہ کیا ہے تاکہ

باہمی تعلقات کو مزید فروغ مل سکے اور خطے میں غیر معمولی واقعات کا مل بیٹھ کر جائزہ لیا جا سکے۔ ایران کے وزیر خارجہ کے حالیہ دورہ پاکستان سے ترکی، ایران اور پاکستان کے وزراء خارجہ کی سہ طرفہ مشاورت کے دوسرے دور کے انعقاد کا موقع ملا ہے کیونکہ موخر الذکر نے دو طرفہ دوروں کے سلسلے میں اس وقت پاکستان آنا تھا۔

ایران، پاکستان پارلیمانی گروپ

ایرانی پارلیمنٹ میں ایران پاکستان دوستی گروپ کی تشکیل

بھی ایک اہم پیش رفت ہے ۳۲ بانی ممبران پر مشتمل یہ گروپ ۱۹۸۷ء میں تشکیل دیا گیا جو کسی بھی پارلیمانی گروپ میں یہ سب سے بڑا گروپ ہے اسی طرح پاکستان کی قومی اسمبلی میں بھی ایک سو سے زائد ممبران قومی اسمبلی کی مجوزہ رکنیت سے ایک پاک ایران پارلیمانی گروپ وجود میں آیا اس کی موجودہ ممبر شپ تیس ہے۔

پاکستان ایران مشترکہ وزارتی کمیشن

دونوں ممالک میں اقتصادی اور تجارتی تعاون کے متعلق شعبوں کی نشاندہی کے لئے ایک کارآمد ادارتی ڈھانچہ فراہم کرنے کے لئے ۱۹۸۶ء میں پاک ایران وزارتی کمیشن قائم کیا گیا۔ جو دونوں ممالک کے نمائندوں کی جانب سے کئے

گئے فیصلوں پر عمل درآمد کا وقفے وقفے سے جائزہ لیتا ہے اور نگرانی بھی کرتا ہے مشترکہ وزارتی کمیشن زراعت دیہی ترقی فشریز، قدرتی وسائل اور صنعت کے شعبوں میں وسیع تر تعاون کے لئے ایک طریقہ کار فراہم کرتا ہے دونوں ممالک کے شہریوں کی آمدورفت کو سہل بنانے کے لئے مشترکہ وزارتی کمیشن نے ایک ایسا طریقہ کار وضع کیا ہے جس سے ان کے وقت کسٹم قوانین میں نرمی حاصل کی جا سکے دونوں ممالک کا مقصد اقتصادی اور تجارتی تعاون کے دائرہ کار کو وسیع کرنا ہے تاکہ انہیں قریبی سیاسی تعلقات سے ہم آہنگ کیا جا سکے ایران کے ساتھ ہماری تجارت کو پاک ایران مشترکہ وزارتی کمیشن کے تحت باقاعدہ بنا دیا گیا ہے بالاخر ہماری دوطرفہ تجارت کے دائرہ کار میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے ایران سے پاکستان کی درآمدات ۸۹-۸۸ ۱۹ء کے ۵ ء ۷ ملین ڈالر کی نسبت ۹۰-۱۹۸۹ء کے دوران ۹۰ ملین ڈالر ہو گئی ہے۔ اس لئے موجودہ مالی سال کے دوران تجارتی توازن پاکستان کے حق میں چلا گیا ہے ماضی میں ایران

تہران شہر کا ایک منظر

میں پاکستانی برآمدات کی اہم اشیاء میں چاول، عمدہ چینی، چمڑا اور چمڑے کی مصنوعات، سوتی کپڑے اور ترپال اچھے وغیرہ ہیں پاکستان سے ایرانی درآمدات کے لئے آئٹم پٹرولیم، پھل اور سلفر سمیت سرحدی تجارتی معاہدے کے تحت مختلف اشیاء شامل ہیں۔

مارچ ۱۹۸۹ء میں منعقد چوتھے مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کے دوران دونوں ممالک کی طرف سے ۲۰۰ ملین ڈالر سالانہ تجارت کے سمجھوتے کی یادداشت پر دستخط کئے اسلام آباد میں مئی ۱۹۹۰ء میں پانچویں مشترکہ وزارتی کمیشن کے انعقاد کے دوران باہمی اقتصادی تعاون میں فروغ اور تجارتی تبادلے کے دائرہ کار کو بڑھانے کے لئے جامع اور وسیع تر ذرائع اختیار کرنے ... گئی ہے۔

ثقافتی اور تعلیمی تعلقات

پاکستان اور ایران کے مابین ثقافتی تعلقات کو ۱۹۵۶ء میں ثقافتی معاہدے کے ذریعے ایک باقاعدہ شکل دی گئی تھی۔ اور وقتاً فوقتاً ثقافتی تبادلے کے پروگرام پر دستخط کر کے تجدید کی جاتی رہی ہے پاکستان میں ایک ایرانی دستکاری نمائش کا اہتمام کیا گیا اور آثار قدیمہ اور عجائب گھر کے شعبہ میں ایک تین رکنی ایرانی ماہرین کی ٹیم نے ستمبر ۱۹۸۷ء میں پاکستان کا دورہ کیا۔

دونوں ممالک کے درمیان تعلیمی تعاون وسیع تر ثقافتی تعاون کے معاہدے کا حصہ ہے معاہدہ دونوں ممالک کی یونیورسٹیوں کے درمیان تعاون، پروفیسروں اور دانشوروں کے تبادلے، سیمینارز، نمائشوں اور سمپوزیم کے انعقاد اور دونوں ممالک کے طلبہ کو وظائف کی فراہمی پر مشتمل ہے ۱۹۵۶ء میں تہران یونیورسٹی میں اردو اور مطالعہ پاکستان کا شعبہ قائم کیا گیا تھا اور ۱۹۸۷ء میں نظرثانی کی گئی۔ پاکستان نے ایران کے لئے فنی تعاون کے پروگرام کے تحت ۸ وظائف مختص کیں۔ اس وقت ۲۰۰ سے زائد ایرانی طلبہ سیلف فنانس کی بنیاد پر پاکستان کے مختلف تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں۔ ۹۰-۱۹۸۶ء کے دوران ۵۰ ایرانی طلبہ کو وظائف بھی دیئے گئے۔

MANUFACTURERS & SUPPLIERS

Of All types of Cotton textiles and textile articles:-

Bedding Clothing, Dressing Material, Hospital Garments, Uniforms of Armed Forces. Towels, Bed Sheets, Blankets Wollen, K.T. Cloth, Febron etc.

for business dealings contact:

M/S Al-Qadri Trading Corporation (Regd)

P.O. Box No. 2441, G.P.O.
6th Floor Aiwan-e-Auqaf.
Shahrah-e-Quaid-e-Azam
Lahore, Pakistan.
Phone: 54729

بقیہ
اسلامی انقلاب میں عورت کا مقام

انقلاب کی کامیابی کے لئے دوسرے میدانوں میں بھی فعال کردار انجام دیتی ہیں۔ اس کے علاوہ "جہاد سازندگی" کے ادارے کے ساتھ مل کر ملک کی ترقی اور از سر نو تعمیر کے لئے کام کر رہی ہیں۔ اب پارٹ ٹائم کام کی وجہ سے عورتیں پہلے سے زیادہ اور بہتر طریقے سے انقلاب کی خدمت کر سکیں گی اور اب وہ دونوں میں سے ایک کام یا گھر یا دفتر کے کام کو چھوڑنے پر مجبور نہ ہوں گی اور اپنی بہترین صلاحیتوں سے معاشرے کے لئے کام انجام دیں گی۔

جمعیت علماء اسلام فضل الرحمان گروپ کے مانسہرہ سے رکن قومی اسمبلی ممتاز مذہبی و سیاسی شخصیت

عالم زیب خاں

سے انٹرویو

شاہراہ ریشم کے کنارے واقع خوبصورت وادی تھاکوٹ میں ایک ایسا ہر دلعزیز باعمل درویش منش مسلمان مقیم ہے جو سیاسی و دنیاوی اعتبار سے سب کچھ ہوتے ہوئے بھی نہایت سادگی اور کفایت شعاری سے پرسکون زندگی بسر کر رہا ہے۔ اسلام کے شیدائی جمہوریت کے داعی اس مرد مجاہد کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ انتہائی ملنسار، خوش اخلاق، مہمان نواز خلق خدا کی بے لوث خدمت کا درد دل رکھنے والا انسان اپنے علاقے میں بے حد مقبول ہے۔ سیاسی اعتبار سے اس بچے اور کھرے شخص کو عالم زیب خاں کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ آپ نے سیاسی زندگی کا آغاز بلدیاتی سیاست سے کیا۔ بالترتیب ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبر، وائس چیئرمین منتخب ہوئے۔ حالیہ الیکشن ۱۹۹۰ء میں جمعیت علماء اسلام فضل الرحمان گروپ کے ٹکٹ پر واضح اکثریت سے کامیاب ہوئے۔ بحیثیت رکن اسمبلی اپنے علاقے کی مؤثر نمائندگی کر رہے ہیں۔ قارئین کی دلچسپی کے لئے انٹرویو کا آغاز کرتے ہیں۔

سوال:۔ ہم آپ کی شخصیت کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں کہ آپ نے اس زندگی کے سفر کا آغاز کب اور کہاں سے شروع کیا۔

جواب: جناب صدیق القادری صاحب سب سے پہلے میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میرے انٹرویو کیلئے زحمت فرمائی۔ اپنے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں زمیندار خاندان سے تعلق رکھتا ہوں میرے والد ایوب خاں کے دور سے لے کر ۱۹۷۶ء تک چیئرمین یونین کونسل رہے یہ سمجھیں کہ سیاست مجھے ورثے میں ملی میں ۱۹۴۶ء میں تھاکوٹ تحصیل بٹگرام ضلع مانسہرہ میں پیدا ہوا میٹرک تک تعلیم گورنمنٹ ہائی سکول ایبٹ آباد میں حاصل کی۔ مذہبی تعلیم شیخ القرآن مولانا محمد طاہر سے حاصل کی۔ جماعت اشاعت و توحید میں شامل ہو کر مذہبی تعلیمات میں مشغول رہا۔ خاندانی مصروفیات اور علاقائی سیاست میں حصہ لینے کی وجہ سے آگے تعلیم نہ حاصل کر سکا۔ میں نے ۱۹۷۶ء میں والدین کی مرضی کے مطابق بٹگرام سے سواتی خان خیل قوم کی لڑکی سے شادی کی۔ میرے چار لڑکے ہیں جو زیر تعلیم ہیں۔ میں نے ایوب دور میں ہی یونین کونسل تھاکوٹ کے بی ڈی ممبر منتخب ہو کر باقاعدہ سیاست میں حصہ لینا شروع کیا۔ ۱۹۷۷ء میں قومی اسمبلی کا الیکشن آزاد امیدوار کی حیثیت سے لڑا۔ سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔ ۱۹۸۴ء کے بلدیاتی الیکشن میں بالترتیب ممبر وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل مانسہرہ منتخب ہوا۔ ۱۹۸۵ء میں

آئی جے آئی کی حکومت صرف شریعت بل کی وجہ سے بنی ہے

چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل تھا۔ میرا بڑا بھائی اورنگ زیب یونین کونسل کا چیئرمین ہے۔ چھوٹا بھائی ہاشم خان یونین کونسل بیمال شریف کا چیئرمین ہے۔ میں بھی ڈسٹرکٹ کونسل کا ممبر ہوں۔ علاقہ کی بلدیاتی سیاست میں میرے خاندان کا پورا کنٹرول ہے۔

۱۹۸۶ء میں ضمنی انتخاب میں آزاد امیدوار کی حیثیت سے حصہ لیا۔ پنجاب کے وزیر اعلیٰ نواز شریف اور سرحد کے وزیر اعلیٰ آفتاب شیرپاؤ نے میرے خلاف جلسے کئے۔ باوجود اس کے مقابلہ صرف ۲۰۰ ووٹوں سے ہارا۔ اگر مولانا سمیع الحق اور نواز شریف میرے خلاف جلسے نہ کرتے تو میں بھاری اکثریت سے جیت جاتا۔ ۱۹۹۰ء کے الیکشن میں میری واضح کامیابی مولانا فضل الرحمان اور درخواستی گروپ کی مشترکہ حمایت کی وجہ سے ہوئی۔ میری انتخابی مہم میں زیادہ کردار سعودی عرب، شارجہ، دبئی، ابوظہبی، العین میں مقیم میرے درجنوں ذاتی دوستوں نے ادا کیا۔ جو صرف میری الیکشن مہم چلانے کے لئے دور دراز سے آئے۔ میری انتخابی مہم میں اپنی جیبوں سے پیسہ خرچ کیا۔ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو میری حمایت میں ووٹ دینے پر قائل کیا۔

آصف زرداری منتخب معزز ادارے کے رکن ہیں انہیں رہا کیا جائے

سوال:۔ عالم زیب صاحب کیا آپ جمعیت علماء اسلام میں شامل ہونے کے اسباب بتائیں گے۔

جواب:۔ قادری صاحب میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے میرا تعلق مذہبی تنظیم جماعت اشاعت توحید وسنت سے ہے۔ میں اس جماعت کے شیخ القرآن مولانا طیب سے اجازت لے کر جمعیت علماء اسلام میں شامل ہو کر جماعتی سیاست کا آغاز کیا ہے۔ ویسے بھی میں جمعیت علماء اسلام کے قائد مولانا مفتی محمود کی شخصیت سے متاثر ہوں۔

سوال:۔ جمعیت کے بارے میں عوامی حلقوں میں عام تاثر ہے کہ یہ جماعت اپنے مشن سے ہٹ کر ذاتی مفادات کیلئے مختلف گروپوں میں بٹ چکی ہے اس تاثر کے بارے آپکی کیا رائے ہے۔

جواب:۔ یہ ایک حقیقت ہے مفتی محمودؒ کی اچانک وفات کے بعد اس جماعت کے دو دھڑے بن گئے۔ مفتی محمود کے صاحبزادے مولانا فضل الرحمان سیاست میں نئے نئے وارد ہوئے تھے دوسرے گروپ کا خیال تھا مولانا فضل الرحمان نوجوان ہیں ناتجربہ کار ہیں جماعت کی ذمہ داریوں میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ خدا کے فضل سے مولانا فضل الرحمان سیاست کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے میں کامیاب ہوئے۔ بین الاقوامی سطح کے لیڈر بن گئے۔ جمعیت کے قائد کی مسلسل جدوجہد قربانیوں نے مخالفین کے خدشات کو غلط ثابت کر دیا۔ کہ جمعیت کو صرف فضل الرحمان کی قیادت ہی چلا سکتی ہے۔ ایم آر ڈی کی وجہ سے مخالفین کا اعتراض تھا۔ مولانا فضل الرحمان کا جھکاؤ پیپلز پارٹی کی طرف ہے۔ مولانا نے پارلیمنٹ میں اسلامی قوانین کا احترام کرتے ہوئے عورت کی حکمرانی کے خلاف جدوجہد کر کے ثابت کر دیا کہ مولانا فضل الرحمان کی جدوجہد صرف اسلامی نظام کے لئے ہے۔ بینظیر بھٹو نے وزارتوں کی آفر کی لیکن مولانا نے اصولوں کی خاطر وزارتیں قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اپنے مؤقف پر ڈٹے رہے۔ حالیہ الیکشن میں مولانا فضل الرحمان نے جمعیت کے تشخص کو علیحدہ برقرار رکھنے کے لئے کسی اتحاد میں شامل ہونے کی بجائے علیحدہ پلیٹ فارم پر انتخابات میں حصہ لے کر بتا دیا۔ جمعیت علماء اسلام پاکستان کی ملک گیر مضبوط عوامی جماعت ہے۔

سوال:۔ خان صاحب آپ کی پارٹی مارشل لاء دور سے آئی جے آئی میں شامل جماعتوں کی مخالفت کرتی رہی۔ اب آئی جے آئی کی اچانک حمایت کر رہا ہے۔ اس کے اصل اسباب کیا ہیں۔

جواب:۔ جناب ہم نے شریعت کے نفاذ کیلئے آئی جے آئی کی حکومت کی غیر مشروط حمایت کی ہے۔ ہم نے الیکشن کے بعد ہونے والے اتحاد کے نتیجہ میں سپیکر ڈپٹی سپیکر کیلئے وزیر اعظم حکمران پارٹی کو ووٹ دیا۔ جمعیت نے وزیر اعظم میاں نواز شریف کو دس شرائط پیش کی ہیں۔ ان کے لئے مذاکراتی کمیٹیاں قائم ہیں۔ جو دونوں فریقین کے درمیان اتحاد کیلئے مزید کام کر رہی ہیں۔

یقین جانیئے قادری صاحب ہم نے صرف اسلامی قانون کے نفاذ کیلئے حکومت کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ ہمارا مقصد وزارتیں حاصل کرنا نہیں۔ اگر وزارتیں ہی مقصد ہوتا تو بینظیر بھٹو کی حکومت میں ہی وزارتیں قبول کر لیتے۔ اگر حکومت سے اختلاف بھی ہوا تو شریعت بل کی رکاوٹ کی وجہ سے ہوگا۔

سوال:۔ عالم زیب صاحب سننے میں آ رہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کو وفاقی حکومت میں وزارتوں کی پیشکش ہوئی ہے

جواب:۔ میاں نواز شریف صاحب نے جمعیت کو وزارتوں کی پیشکش کی ہے یہ فیصلہ جمعیت کی ہائی کمان کرے گی۔ اگر وزارتوں میں آ کر شریعت بل کے نفاذ کی منزل قریب آ سکتی ہے۔ تو میرے خیال میں جمعیت کو وزارتیں قبول کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ مولانا فضل الرحمان کے ہاتھ میں ہے۔

سوال:۔ کیا آپ بتائیں گے مولانا فضل الرحمان کے حالیہ الیکشن ہارنے میں اصل اسباب کیا ہوتے۔

ممبران اسمبلی پر آٹھویں ترمیم ہر وقت موت کی طرح لٹک رہی ہے

جواب:۔ اسلامی جمہوری اتحاد کی قیادت نے ایک منصوبہ کے تحت مولانا فضل الرحمان کو اسمبلی سے باہر رکھنے کے لئے قاضی عبداللطیف کو بطور امیدوار کھڑا کیا۔ جمعیت کے ووٹ تقسیم ہوئے جس کی وجہ سے مولانا فضل الرحمان حالیہ الیکشن ہار گئے اور اسلامی جمہوری اتحاد اپنے مقصد میں کامیاب رہا۔

سوال:۔ مولانا سمیع الحق کو مولانا فضل الرحمان سے کیا اختلاف ہے

جواب:۔ مولانا سمیع الحق کا مؤقف ہے کہ فضل الرحمان عمر میں چھوٹے ہیں اور میرے شاگرد ہیں۔ اس لئے مولانا کی بجائے مجھے سیکرٹری جنرل بنایا جائے جبکہ مولانا فضل الرحمان فرماتے ہیں کہ میں مولانا سمیع الحق کا شاگرد نہیں رہا اور نہ ہی کوئی مذہبی کتاب اس سے پڑھی ہے میں صرف اکوڑہ خٹک میں قدوری پڑھا ہوں اختلاف صرف عہدے کا ہے۔

صدیق القادری ایڈیٹر انچیف جناب عالم زیب خان سے انٹرویو لیتے ہوئے۔

مجھ سے پہلا ایم این اے کروڑوں روپے کا سود کھا گیا

سوال:۔ جمعیت کے اتحاد کے بارے میں آپکے کیا تاثرات ہیں۔

جواب:۔ الحمدللہ اتحاد ہو گیا۔ مولانا درخواستی صاحب، مولانا اجمل قادری صاحب، مولانا عبدالحکیم صاحب، مولانا چراغ شاہ، قاری فضل ربی صاحب، مولانا زاہد الراشدی سمیت سارے اکابرین جمعیت متحد ہو چکے ہیں۔ اب مولانا سمیع الحق اور قاضی عبداللطیف کی کوئی حیثیت نہیں رہی۔

سوال:۔ اکثر سیاسی حلقوں کی طرف سے مطالبہ ہے کہ آٹھویں ترمیم ختم کر دی جائے۔ بحیثیت رکن اسمبلی آپ کی کیا رائے ہے۔

جواب:۔ آٹھویں ترمیم کو ختم کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ اسمبلی ممبران پر آٹھویں ترمیم کی تلوار ہر وقت موت کی طرح لٹک رہی ہے۔ ہر ممبر اسمبلی اس ترمیم کی وجہ سے غیر محفوظ ہے عوام کو بھی یقین نہیں کہ اسمبلیاں کب تک چلیں گی۔ آٹھویں ترمیم ختم ہونے سے اراکین اسمبلی سکون کے ساتھ عوام کی مقررہ مدت تک خدمت کرتے رہیں گے۔ میں اس حق میں ہوں۔ آٹھویں ترمیم فوری طور پر ختم ہو تا کہ ممبران سیاسی قتل سے محفوظ ہو سکیں۔

سوال:۔ عالم زیب صاحب کیا آپ اپنے علاقہ کے بارے میں بتائیں گے کہ آپ کے علاقائی مسائل کیا ہیں۔

جواب:۔ ہمارا علاقہ بہت پسماندہ ہے۔ عوام کا دیرینہ مطالبہ ہے کہ رہٹ گرام تحصیل کو ضلع کا درجہ دیا جائے اور آلائی کو تحصیل بنایا جائے۔ تحصیل رہٹ گرام میں ڈاک خانوں، سڑکوں، ہسپتالوں، ڈسپنسریوں، ٹیلی فون ایکسچینج اور یوٹیلٹی اسٹورز کی اشد ضرورت ہے۔ علاقے میں کالج نہیں ہے۔ سابق ممبر اسمبلی ایوب الائی نے حکومت کے فنڈز عوامی کاموں پر استعمال کرنے کی بجائے بینکوں میں جمع رکھیں۔ حکومت ختم ہونے پر فنڈز حکومت کو واپس کر کے سود خود کھا گیا۔ جس سے علاقائی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔ ترقیاتی کام مکمل نہیں ہوئے میں نے بحیثیت ممبر بہت کر کے ابھی حال ہی میں اپنے علاقے کیلئے ڈاک خانے، یوٹیلٹی اسٹورز منظور کروائے ہیں امید ہے علاقائی مسائل کے حل کیلئے وفاق و صوبائی حکومتیں میرے ساتھ تعاون کریں گی۔

سوال:۔ شریعت بل کے نفاذ کے بارے میں بتائیں کیا آئی جے آئی حکومت شریعت بل کے نفاذ میں مخلص ہے

جواب:۔ جناب قادری صاحب شریعت بل کی وجہ سے آئی جے آئی کی

حکومت بنی ہے۔ نواز شریف صاحب نے پوری قوم کے ساتھ شریعت بل نافذ کرنے کا وعدہ کیا ہوا ہے۔ اگر خدانخواستہ موجودہ اسمبلی نے حکومت شریعت بل نافذ نہ کرا سکی تو اس صورت میں آئی جے آئی کی سیاسی حیثیت ختم ہو جائے ہم بھی آئی جے آئی حکومت کا ساتھ نہیں دیں گے۔

سوال :۔ موجودہ احتساب کے بارے میں آپ بتائیں گے کہ یہ انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہے۔

جواب :۔ حکومت کا فرض ہے کہ انصاف کے تقاضوں کے مطابق بلا امتیاز سب کا انصاف تقاضوں کے مطابق احتساب کرے۔ سرکاری فنڈ طرح غلط استعمال کو روکے۔ یکطرفہ احتساب جائز نہیں کہ ایک کو تو حکومت جیل بھیج دے اور دوسرے کو پوچھے تک نہ یہ کہاں کا انصاف ہے۔ جو حکومت کے ساتھ مل جائے۔ اسے معاف کر دیا جائے موجودہ احتساب بھی ایک مذاق بن چکا ہے۔ میں نے اپنے حریف کے خلاف بمعہ ثبوت حکومت کو بتایا ہے کہ اُس نے سرکاری فنڈز میں غبن کیا ہے جس کے مکمل ثبوت میرے پاس ہیں حکومت نے ابھی تک سابق رکن اسمبلی کے خلاف ایکشن نہیں لیا۔ میرے خیال میں حکومت کو انصاف تقاضوں کے مطابق رکن قومی اسمبلی آصف علی زرداری کو رہا کر دینا چاہیئے۔ آصف کی بیوی پاکستان کی وزیراعظم رہ چکی ہیں۔ اور قائد حزب اختلاف ہیں اور آصف خود بھی رکن قومی اسمبلی ہیں۔ عوام کے منتخب نمائندے کو رہا نہ کرنا بھی بہت بڑی زیادتی ہے انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے۔ بحیثیت رکن اسمبلی میرا مطالبہ ہے کہ آصف علی زرداری کو جیل سے رہا کر کے انصاف کے تقاضوں کے مطابق سلوک کیا جائے۔ اپوزیشن ممبران کا احترام بھی ہونا چاہیئے

سوال :۔ نوجوان نسل میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور بے راہ روی کے کیا اسباب ہیں۔

حکومت کا فرض ہے کہ انصاف کے تقاضوں کو پورا کرے

جواب :۔ نوجوان اس ملک کا عظیم سرمایہ ہیں۔ والدین، معاشرے اور حکومت کو ان کی طرف توجہ دینی چاہیئے۔ نوجوانوں کو بھی چاہیئے کہ وہ لگن محنت اور ہمت کے ساتھ تعلیم حاصل کریں۔ اپنے اندر قابلیت پیدا کریں۔ حکومت کو چاہیئے کہ وہ سفارش، رشوت کی جگہ قابلیت اور میرٹ کو اصول اپنائیں باصلاحیت نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرے۔ بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے منصوبہ بندی کر کے دیہاتوں اور شہروں میں صنعتوں کا جال بچھایا جائے تاکہ نئی نسل کو بے روزگاری اور بے راہ روی سے بچایا جا سکے۔

غزل

تحریر :۔ مس رُوبی

آپ کو آزمائش کیا آپ کو آزما لیا
دل میں تمہیں بسا لیا، دل کو حرم بنا لیا

بزمِ خیال میں تمہیں، سامنے اپنے دیکھ کر
شکوے گلے بھی کر لئے، حال بھی کچھ سنا لیا

خُود ہی خفا کیا کبھی، خود ہی کبھی منا لیا
سارے جہاں کو چھوڑ کر اپنا تمہیں بنا لیا

کیسے نظر چراؤ گے ہم نے تمہیں چرا لیا
رُوبی ہمیں ستا کے بھی آپ نے ہم سے کیا لیا

سیّد افتخار علی کاظمی پاک چین یوتھ فرینڈشپ کے کوارڈینیٹر سیکرٹری نامزد ہو گئے



سیّد افتخار علی کاظمی بیجنگ میں پاکستانی چینی اور جاپانی طلبہ کے ہمراہ

پاک چین یوتھ فرینڈز شپ ایسوسی ایشن کے چیئرمین ایم ایس قادری نے پاکستانی باصلاحیت نوجوان سید افتخار کاظمی کو دونوں دوست ممالک کے نوجوانوں کے درمیان ہر شعبہ زندگی میں گہرے روابط کے لئے کوارڈینیٹر سیکرٹری نامزد کیا ہے مسٹر کاظمی باعزت خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ عوامی جمہوریہ چین کی بیجنگ یونیورسٹی سے چائینز لینگویج کا ڈپلومہ حاصل کر چکے ہیں۔ اردو۔ انگلش اور چائینز میں نہ صرف عبور رکھتے ہیں بلکہ اچھے ٹرانسپیٹر ہیں۔

افتخار کاظمی بحیثیت کوارڈینیٹر سیکرٹری پاکستان دوستانہ، برادرانہ تعلقات کے مزید فروغ، ہر شعبہ کے یوتھ کے درمیان ذہنی ہم آہنگی، ورکنگ ریلیشن شپ کو بڑھانے، مطالعاتی دوروں کے فروغ کے لئے دونوں ممالک کے نوجوانوں میں روابط بڑھائیں گے۔

سیّد افتخار بیجنگ میں پاکستانی ایمبیسی کے عملے کے ساتھ

مشہور شاعر

ناصر زیدی کا

ایک تعارف



ناصر زیدی کا ایک سکیچ

فیصل آباد کے ایک کالج میں مشاعرہ تھا۔ محفل جمی ہوئی تھی کہ کسی نے شامیانے کی طنابیں کاٹ دیں۔ اسٹیج پر احسان دانش، احمد ندیم قاسمی، منیر نیازی، شہرت بخاری اور ناصر زیدی سمیت متعدد شعراء موجود تھے اور رسیاں کٹنے کے بعد شامیانے کا بوجھ ان سب حضرات کی ذمہ داری بن گیا تھا۔ اس سے ذرا دیر پہلے اچانک فائرنگ شروع ہو گئی اور اندھا دھند ہوتی رہی تھی جس کے دوران تمام شعراء حضرات کو اسٹیج کے درمیان رکھی بڑی سی میز کے نیچے پناہ گزین ہونا پڑا۔ مشاعرے میں ہزاروں کا مجمع تھا فائرنگ اور طنابیں کٹنے سے پہلے جب ایک شاعر کو غزل پڑھنے کے لئے پکارا گیا تو اس نے اپنی ایک مشہور غزل پڑھنی شروع کی جس کا مطلع تھا ۔

حسن سے متاثر ہو کر محبت کی شاعری کرتے ہیں

جسے چاہوں اسے اپنا بنا کر چھوڑ دیتا ہوں
حسینوں کو بہت نزدیک لا کر چھوڑ دیتا ہوں

سامعین میں سے ایک صاحب کو حسینوں کے ساتھ شاعر کے اس سلوک پر اعتراض ہوا، انہوں نے کھڑے ہو کر بہ آواز بلند پکارا ——— "چکنائیں بجے کر دے"۔ اس دھمکی آمیز داد کا اثر یہ ہوا شاعر باقی غزل بھول گیا

وہ شاعر ...... جو ایک ہی دن اور ایک ہی مشاعرے میں ان سب یادگار واقعات سے دو چار ہوئے ان کا نام ہے ناصر زیدی۔ پاکستان کی نئی نسل کے شاعروں میں ناصر زیدی ایک معروف نام ہے۔ غزل کی مقبول صنف ان کا وسیلہ اظہار ہے جس میں ناصر زیدی نے روایتی انداز، توازن اور تناسب کو بے تکلفی اور سلیقے کے ساتھ برتا ہے۔ احساسِ جمال ان کے کلام کا نمایاں پہلو ہے۔ وہ حسن سے متاثر ہوتے ہیں اور محبت کی شاعری کرتے ہیں ان کے بعض شعر پڑھ کر یوں لگتا ہے کہ شاید شاعر اپنے آپ ہی میں کہیں کھو گیا ہے اور اپنے اندر ڈوب کر ابھرنے کے بعد جب فنکار دنیا کو دیکھتا ہے تو اس کے فن میں گہرائی کے ساتھ ساتھ ایک سکوں بخش ٹھنڈک اور اس کی نظر میں مسائل کی اصل کو پالینے والی بصیرت پیدا ہو جاتی ہیں۔

ان کی شاعری میں محبت کی چاشنی کے ساتھ فکر کی روشنی بھی ہے اور امید کا سویرا بھی۔

ناصر زیدی ۸ اپریل ۱۹۴۳ء کو مظفر نگر (یو پی) میں پیدا ہوئے لاہور میں پروان چڑھے اور اسی شہر نگاراں میں جوان ہوئے۔ لاہور کی گلیوں نے شاعری، ادب اور صحافت کا شوق دیا۔ کالج میگزین کے ایڈیٹر رہے بعد میں متعدد ادبی و نیم ادبی رسائل کی ادارت سے متعلق رہے جن میں شمع' بانو' بچوں کی دنیا وغیرہ شامل ہیں۔ پندرہ برس تک ماہنامہ "ادب لطیف" لاہور کے مدیر رہے۔ کئی کتابیں اور منتخب افسانوں کے کئی مجموعوں کے مرتب ہیں۔ ان کی شاعری کے دو مجموعے "ڈوبتے چاند کا منظر" اور "وصال" شائع ہو چکے ہیں۔ تیسرا مجموعہ "وارفتگی" زیر اشاعت ہے۔

پتا ناصر زیدی
پوسٹ بکس ۸۸۷ راولپنڈی



ناصر زیدی

رات سنسان ہے گلی خاموش
پھر رہا ہے اک اجنبی خاموش
بات دل کی چھپائی لاکھ ان سے
آنکھ لیکن نہ رہ سکی خاموش
ہجر کی آگ میں جلے چپ چاپ
زندگی یوں گزار دی خاموش
پوجتا ہوں تجھے خیالوں میں
کر رہا ہوں میں بندگی خاموش
شمعِ محفل کچھ اس طرح چپ ہے
جیسے جاڑے کی چاندنی خاموش
نہ کہا ان کے روبرو کچھ بھی
لب ہلے، پر زباں رہی خاموش
کوئی ہنگامہ چاہیے ناصر
کیسے گزرے گی زندگی خاموش

مثالِ سادہ ورق تھا، مگر کتاب میں تھا
وہ دن بھی تھے، میں ترے عشق کے نصاب میں تھا
بھلا چکا ہے تو اک بار مجھ سے آکر سن
وہی سبق جو کبھی تیرے دل کے باب میں تھا
جو آج مجھ سے بچھڑ کر بڑے سکون میں ہے
کبھی وہ شخص مرے واسطے عذاب میں تھا
اسی نے مجھ کو غم و سوزِ جاوداں بخشا
وہ ایک چاند کا ٹکڑا سا جو نقاب میں تھا
مرا وجود مجسم خلوص تھا ناصر
میں پھر بھی بار گہِ حسن کے عتاب میں تھا

جس کے جلووں سے مری شام اجالی جائے
بات اس شخص کی کیسے کوئی ٹالی جائے
جس کی یادوں سے مہکتی ہے مری شامِ فراق
اس سے ملنے کی کوئی شکل نکالی جائے
میرے مسلک میں نہیں بیر کسی سے رکھنا
میرے دشمن سے یہ تصدیق کرالی جائے
خود کو تقسیم کروں میں زرِ گل کی مانند!
در سے خالی نہ کبھی کوئی سوالی جائے
کوئی آندھی نہ بجھائے کسی مفلس کا دیا!
دوستو! ایسی کوئی رسم بھی ڈالی جائے
سربکف آج غزل خواں ہے تمہارا ناصر!
دستِ نازک میں ذرا تیغ سنبھالی جائے

اپنا اندازِ سخن سب سے جدا رکھتے ہیں
ہم خموشی میں تکلم کی ادا رکھتے ہیں
اس جفا پیشہ زمانے میں جفا کے باوصف
ہم بھی کیا لوگ ہیں جو خوئے وفا رکھتے ہیں
یہ وہی راہگزر ہے کہ جہاں اہلِ خرد
ہر قدم ایک عجب خوفِ سزا رکھتے ہیں
آستینوں میں تھے جن کی مہ و خورشید کبھی
اپنے جسموں میں وہ زخموں کی قبا رکھتے ہیں
وہ تراکس وہ جلتے ہوئے خوشبو کے چراغ
آج بھی ذہن میں اک حشر بپا رکھتے ہیں
شوق سے آئے ادھر ظلم کا لشکر ناصر!
ہم اکیلے تو نہیں، ہم بھی خدا رکھتے ہیں

اگر وجود کا اپنے مجھے گماں ہوتا
سمندروں کی طرح میں بھی بیکراں ہوتا
میں اپنے سائے میں خود ہی پناہ لے لیتا
مرا حریف، نہ سورج نہ آسماں ہوتا
نہ تھا خیال کہ منزل فریب دے گی مجھے
یہ حادثہ جو نہ ہوتا تو میں کہاں ہوتا
اگر نہ ہوتی میسر شفق ترے رخ کی
تمام عالمِ امکاں دھواں دھواں ہوتا
سمیٹ لیتا ہر اک گل کی خوشبوئیں ناصر
بہار میں اگر اندیشۂ خزاں ہوتا

دل کا دروازہ تیری سمت نہ کھولا جاتا
ایک ساعت ہی کبھی چین سے سویا جاتا!
کیسی تنہائیاں اس شخص نے سونپی ہیں مجھے
مجھ سے اب کوئی بھی تنہا نہیں دیکھا جاتا
اس نئے دور میں انسان کی قیمت کیا ہے
یہ وہ نکتہ ہے کہ جس پر نہیں سوچا جاتا
کتنی خواہش ہے مری ترکِ طلب کے باوصف
نام تیرا بھی مرے ساتھ ہی لکھا جاتا
پیاس بجھتی جو مری اپنے لہو سے ناصر
کیا ضرورت تھی مجھے کیوں لبِ دریا جاتا

وہ مرے غم کا مداوا نہیں ہونے دیتا
ذرۂ درد کو صحرا نہیں ہونے دیتا
ساتھ رکھتا ہوں ہمیشہ تیری یادوں کی دھنک
میں کبھی خود کو اکیلا نہیں ہونے دیتا
زخم بھرتا ہے نیا زخم لگانے کے لئے
کیا مسیحا ہے کہ اچھا نہیں ہونے دیتا
جس کے انجام سے ٹوٹے مرا پندارِ انا
میں وہ آغاز دوبارا نہیں ہونے دیتا
روک دیتا ہوں الڈتے ہوئے طوفاں ناصر
قطرۂ اشک کو دریا نہیں ہونے دیتا

گزرے ہیں اس جہاں سے فقط سرسری سے ہم
خود کو مگر بچا نہ سکے دل لگی سے ہم
اب التفاتِ خاص کی ہرگز نہیں طلب
مانوس ہو چکے ہیں تری بے رخی سے ہم
محفل میں ان کی خود کو گوارا نہ کر سکے
بیزار اس قدر بھی ہوئے زندگی سے ہم
ممکن کہاں ہے اپنے کیے کا کوئی علاج؟
اب حالِ دل بیان کریں کیا کسی سے ہم
ہر حال میں نباہ کیے جا رہے ہیں پھر
ہاں اے مزاجِ یار تری برہمی سے ہم
دامن دریدہ، خاک بسر خونچکاں نظر
گزرے ہیں اس طرح سے بھی اس کی گلی سے ہم
ناقدریٔ زمانہ کا ناصر نہیں گلہ!
مقبولِ خاص و عام ہوئے شاعری سے ہم

نعت شریف

ہے جن کا لقب سیدِ ابرار تمہی ہو
کہتے ہیں جنہیں سارے گنہگار، تمہی ہو

ہر چند یہاں آئے ہیں لاکھوں ہی پیمبر
اُن سب کے مگر قافلہ سالار تمہی ہو

اللہ کے محبوب ہو مخلوق کے آقا
ہر مدح و ستائش کے سزاوار تمہی ہو

بلوایا تمہیں عرشِ معلّیٰ پہ خدا نے
اس منزلِ تقدیس کے حقدار تمہی ہو

ہیں جن کے ترحم پہ رسولوں کی نگاہیں
سرکار تمہی ہو، مری سرکار تمہی ہو

ملتی ہے جہاں سے مہ و انجم کو تجلّی
وہ مرکزِ صد جلوۂ انوار تمہی ہو

فہرستِ زمانہ میں نہیں کوئی بھی عادل
تا حشر مگر عدل کا معیار تمہی ہو

ناصر کی وفا تم سے ہی وابستہ رہی ہے
ناصر کے لئے طالعِ بیدار تمہی ہو

(ناصر زیدی)

شاعر

ندا فاضلی

میری غربت کو شرافت کا ابھی نام نہ دے
وقت بدلا تو تیری رائے بدل جائے گی

اس خوب صورت شعر کے خالق کا نام ندا فاضلی ہے۔ ہندوستان کی فلمی دُنیا کے کامیاب شاعر ندا فاضلی ۱۹۳۸ء میں ہندوستان کے شہر دلی میں پیدا ہوئے۔ اجین کی وکرم یونیورسٹی سے انہوں نے گریجویشن کیا۔ ندا فاضلی کا تعلق خاندان شعر و سخن سے ہے ان کے والد خود بھی شاعر تھے۔ اگر یہ کہا جائے کہ شاعری کا ذوق انہیں وراثت میں ملا ہے تو غلط نہ ہوگا۔

ندا شاعری کے حوالے سے آج بھی گاؤں کے چوپال اور وہاں کے سرسبز و شاداب کھیتوں سے منسلک نظر آتے ہیں۔ اپنے لہجہ کی ندرت کی وجہ سے اپنے ہم عصر شعراء میں ندا ایک منفرد مقام رکھتے ہیں۔

ندا فاضلی کا تقریباً سارا خاندان پاکستان منتقل ہو چکا ہے اور ہندوستان میں یہ تنہا رہ گئے ہیں۔ تنہائی کے اس کرب نے ہی شائد ان کے فن کو جلا بخشی ہے۔

(ادارہ)

کبھی بادل، کبھی کشتی، کبھی گرداب لگے
وہ بدن جب بھی سجے کوئی نیا خواب لگے

ایک چُپ چاپ سی لڑکی نہ کہانی نہ غزل
یاد جو آئے کبھی ریشم و کمخواب لگے

ابھی بے سایہ ہے دیوار کہیں لوچ نہ خم
کوئی کھڑکی کہیں نکلے کہیں محراب لگے

گھر کے آنگن میں بھٹکتی ہوئی دن بھر کی تھکن
رات ڈھلتے ہی پکے کھیت سی شاداب لگے

تنہا ہوئے خراب ہوئے، آئینہ ہوئے
چاہا تھا آدمی بنیں لیکن خدا ہوئے

جب تک جئے بکھرتے رہے، ٹوٹتے رہے
ہم سانس، سانس قرض کی صورت ادا ہوئے

ہم بھی کسی کمان سے نکلے تھے تیر سے
یہ اور بات ہے کہ نشانے خطا ہوئے

پُر شور راستوں سے گزرنا محال تھا
ہٹ کر چلے تو آپ ہی اپنی سزا ہوئے

نیل گگن میں تیر رہا ہے اجلا اجلا پورا چاند
کن آنکھوں سے دیکھا جائے چنچل چہرے جیسا چاند

مُنّی کی بھولی باتوں سے چھٹکیں تاروں کی کلیاں
پپّو کی خاموش شرارت سا چھپ چھپ کر ابھرا چاند

مجھ سے پوچھو کیسے کاٹی میں نے پربت جیسی رات
تم نے تو گودی میں بھر کے گھنٹوں چوما ہوگا چاند

پردیسی سونی آنکھوں میں شعلے سے لہراتے ہیں
بھابھی کی چھیڑوں سا بادل، آپا کی چٹکی سا چاند

تم بھی لکھنا تم نے اس شب کتنی بار پیا پانی
تم نے بھی تو چھجے اوپر دیکھا ہوگا پورا چاند

